96



آیات نمبر 6 تا 11 میں نماز کے لئے وضو اور غسل کے احکام - پانی نہ ملنے کی صورت میں مسح
کی اجازت اور اس کا طریقہ - اللہ سے کئے ہوئے عہد کی یاد دہانی - ہر حال میں عدل کرنے کی
تلقین - ایمان والوں کا ٹھکانہ جنت اور کافروں کا ٹھکانہ جہنم -

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ
اَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ اِلَى
الْكَعْبَيْنِ ؕ اے ایمان والو! جب تم نماز کیلئے کھڑے ہو تو پہلے اپنے منہ کو اور اپنے
ہاتھوں کو کہنیوں تک دھو لیا کرو اور اپنے سروں کا مسح کر لیا کرو اور اپنے پاؤں بھی
ٹخنوں تک دھو لیا کرو، قرآن کی یہی آیت وضو کی بنیاد ہے، اس میں وضو کے تمام فرائض بیان
کر دئے گئے ہیں وَ اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ اور اگر تم حالتِ جنابت میں ہو تو
غسل سے طہارت حاصل کر لو وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ
اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً
فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ لیکن
اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی رفعِ حاجت کر کے آئے یا تم نے عورتوں
سے صحبت کی ہو پھر اگر تم پانی نہ پاؤ تو ایسی حالت میں پاک مٹی سے تیمم کر لیا کرو۔ اور
اس مٹی سے اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کا مسح کر لو مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ
عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّ لٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَ لِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٦ اللہ یہ نہیں چاہتا کہ وہ تمہارے اوپر کوئی سختی کرے بلکہ وہ

تو یہ چاہتا ہے کہ تمہیں پاک وصاف کرے اور تم پر اپنی نعمتوں کی تکمیل کر دے
تاکہ تم اس کا شکر بجالاؤ وَ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مِيْثَاقَهُ الَّذِيْ
وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ
بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۷﴾ اور اللہ نے تم پر جو نعمتیں دے کر احسان کئے ہیں انہیں یاد
کرو اور اُس پختہ عہد وپیمان کو نہ بھولو جو اُس نے تم سے لیا ہے جب تم نے کہا تھا کہ "
ہم نے سنا اور اطاعت قبول کی " اور اللہ سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ تعالیٰ سینوں کی
پوشیدہ باتوں تک سے خوب واقف ہے يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ
لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ
اے ایمان والو! اللہ کی خاطر راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف پر مبنی گواہی دینے
والے بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی اور عداوت تمہیں اس بات پر نہ اکسائے کہ تم ان
کے ساتھ عدل نہ کرو اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۫ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾ بلکہ ہر معاملہ میں انصاف کیا کرو کہ یہ انصاف کرنا
پرہیز گاری کے نزدیک تر ہے، اور اللہ سے ڈرتے رہو، بیشک تم جو کچھ بھی کرتے ہو
اللہ اس سے پوری طرح واقف ہے وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۹﴾ اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان
لائے اور نیک عمل کرتے رہے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لئے بڑی بخشش ہے اور
انہیں بڑا اجر ملے گا وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ



الْجَحِيْمِ ﴿١٠﴾ اور جن لوگوں نے انکار کیا اور ہمارے احکامات کی تکذیب کی تو ایسے
ہی لوگ جہنم میں جانے والے ہیں يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ
اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ
عَنْكُمْ ۚ اے ایمان والو! اللہ کے اُس احسان کو یاد کرو کہ جب ایک قوم تم پر دست
درازی کرنے کا ارادہ کر چکی تھی مگر اللہ نے ان کے ہاتھوں کو تم سے روک دیا وَ
اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے
رہو، اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئے رکوع [۲]

[# 96]

In Verses 6 to 11 are given the guidelines for performing ablution and full-body bath for prayers. Permission and method of performing dry ablution when water is not available. Reflecting on the covenant made with Allah. Emphasizing the importance of maintaining justice in all circumstances. Describing the dwelling place of believers as paradise and the dwelling place of disbelievers as hell.

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا قُمۡتُمۡ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَاغۡسِلُوۡا وُجُوۡهَكُمۡ وَ اَیۡدِیَكُمۡ اِلَی الۡمَرَافِقِ وَ امۡسَحُوۡا بِرُءُوۡسِكُمۡ وَ اَرۡجُلَكُمۡ اِلَی الۡكَعۡبَیۡنِ ؕ

O believers! When you prepare for prayer, wash your faces and your hands up to the elbows, and wipe your heads, and wash your feet up to the ankles.

وَ اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ

And if you are in a state of major impurity, then purify yourselves [through bathing.]

وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ
الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا
صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ

But if you are sick, or on a journey, or have relieved yourselves, or have been intimate with woman, and cannot find water, then cleanse yourselves, by [patting] clean earth , then wipe [over] your faces and hands with it.

مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّ لٰكِنْ يُّرِيْدُ
لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٦

Allah does not wish to place any strain upon you, rather He desires to purify you and perfect His blessings upon you, so that you may be thankful.

وَ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ
بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٧

And remember the favor of Allah upon you, and fulfil His covenant that He made with you when you said, 'We hear and we obey.' And fear Allah; surely Allah knows whatever [secrets are] in [your] hearts.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ
بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ

O believers! Be ever upright for the [sake of Allah] bearing witness [to truth] with [impartial] justice. and do not let the enmity and hatred of a people prevent you from justice.

اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۫ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾

Be fair, as it is closer to piety. And fear Allah. Surely, Allah is well-aware of what you do.

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۹﴾

Allah has promised those who believe and do righteous deeds, that for them there is forgiveness and a magnificent reward [awaiting].

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۰﴾

And those who have disbelieved and deny Our [revealed] signs, such are the inhabitants of Hell.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ

O believers! Remember Allah's favor upon you, when a people intended to stretch out their hands towards you [to harm you], but He restrained their hands from you.

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾

So, fear Allah. And let the believers put their trust in Allah.